10.11.2026

13.50 Hrs

HL-OPENNING

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ..... شگفتہ یاسمین

Music

☆ دلّی میں نمو یمنا ریور سفاری کروز سروس کا آغاز ہوگیا ہے۔ یہ سونیا وہار اور جگت پور کے درمیان یمنا ندی کے 6 کلومیٹر کے علاقے کا احاطہ کرے گی۔

☆ ملک بھر میں گووردھن پوجا اور گجراتی نئے سال کی تقریبات کے ساتھ تہوار کا جوش و خروش جاری ہے۔

☆ امریکی قانون سازوں نے دیوالی کو وفاقی تعطیل قرار دینے کا بل دوبارہ پیش کیا ہے۔

☆ عالمی بینک نے بھارت کے آبی بندوبست کی کامیابی کی ستائش کی ہے۔ بھارت کے جل جیون مشن ماڈل کے تجربے کو عالمی سطح پر شیئر کرنے پر زور دیا۔

☆ کرکٹ میں، بھارت اور نیوزی لینڈ کے درمیان Hamilton میں تیسرا ایک روزہ بین الاقوامی میچ، بارش کی وجہ سے رد کردیا گیا ہے۔

☆ اور جاپان اوپن بیڈمنٹن میں Treesa Jolly اور گایتری گوپی چند، سیدھے گیمز میں جیت کے ساتھ پری کوارٹر فائنل میں پہنچ گئی ہیں۔

Music

اب خبریں تفصیل سے۔۔۔

Yamuna Cruise Service

بندرگاہوں، جہاز رانی اور آبی گزرگاہوں کے مرکزی وزیر سربانند سونووال نے آج نئی دلّی میں دریائے جمنا پر تفریحی کروز سروس کا افتتاح کیا۔ Namo Yamuna River Safari کے نام سے شروع کی گئی یہ کروز سروس دریائے جمنا میں سونیا وہار سے جگت پور کے درمیان چھ کلومیٹر علاقے میں چلے گی۔ کروز سروس ٹکٹ کی قیمت فی کس 500 روپے ہے۔ کروز سروس کے احاطے میں داخلے کا ٹکٹ 50 روپے ہے۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے، جناب سونووال نے کہا کہ دلّی حکومت جمنا کی صفائی اور اس کے پانی کو لوگوں کی زندگیوں کیلئے مفید بنانے کے تئیں پُرعزم ہے۔

SB - Sarbananda Sonowal

دلّی کی وزیر اعلیٰ ریکھا گپتا نے کہا کہ پہلی بار دلّی کے لوگوں کو Namo Yamuna River Safari کروز

سروس کا تجربہ حاصل ہوگا۔

انہوں نے دلّی کے عوام سے اپیل کی کہ وہ اپنے اہل خانہ کے ساتھ اس کروز سروس سے لطف اندوز ہوں۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ یہ سروس قومی راجدھانی دلّی کی ایک مثبت تصویر پیش کرتی ہے۔ محترمہ گپتا نے مزید کہا کہ سڑک ٹرانسپورٹ اور شاہراہوں کی وزارت نے شہر میں ٹریفک کے دباؤ کو کم کرنے کیلئے قومی راجدھانی میں ایک لاکھ 25 ہزار کروڑ روپے سے زیادہ کے منصوبے نافذ کیے ہیں۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ BJP کی قیادت والی دلّی حکومت عوام کے مفاد میں کام کرنے کیلئے پُرعزم ہے۔

SB - Rekha Gupta

ہمارے نامہ نگار نے اطلاع دی ہے کہ اس کروز سروس کے ذریعے سیاحوں کو سونیا وہار سے جگت پور کے درمیان چھ کلومیٹر کا سفر طے کرنے اور واپس آنے کا موقع ملے گا۔

VC - Rishu

اس اقدام کا مقصد دریائی سیاحت کو فروغ دینا اور قومی راجدھانی میں آنے والوں کو تفریح کا ایک نیا تجربہ فراہم کرنا ہے۔ اس مقام پر موسیقی کے ساتھ فوارہ، بچوں کے کھیلنے کی جگہ، خریداری کی سہولتیں، فوڈ کورٹ اور ایڈونچر اسپورٹس کی سرگرمیاں بھی دستیاب ہوں گی۔ دلّی میں تفریحی دریائی کروز سروس کی ترقی، اس قومی آبی گزرگاہ کو تفریحی کشتی رانی اور دریائی سیاحت کیلئے بروئے کار لانے کی سمت میں ایک اہم قدم ہے۔ اس اقدام سے دلّی کے باشندوں اور سیاحوں کو ایک منفرد تجربہ حاصل ہونے کی امید ہے، ساتھ ہی جمنا کے ساتھ عوامی رابطے کو بھی فروغ ملے گا۔ بجلی سے چلنے والے کروز جہازوں کا استعمال بھی قومی راجدھانی خطے میں تفریح کا ایک نیا ذریعہ ثابت ہوگا۔

نئی دلّی سے Rishu جیسوال کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں ...

Govardhan Puja

آج ملک کے مختلف حصوں میں گووردھن پوجا منائی جارہی ہے۔ اتر پردیش میں، خاص طور پر متھرا اور ورنداون کے علاقے میں گووردھن پوجا مذہبی عقیدت اور جوش و خروش کے ساتھ منائی جارہی ہے، جہاں بھگوان کرشن کے پیروکار بڑی تعداد میں جمع ہوئے ہیں۔ غیر ملکیوں، مقامی باشندوں کے ساتھ ساتھ ملک بھر سے آنے والے سیاح اور یاتری، متھرا ورنداون کے مختلف مندروں میں بھگوان کرشن کی پوجا کررہے ہیں اور گووردھن کے پوتر ٹیلے پر ''پریکرما'' کررہے ہیں۔

دان گھاٹی مَکٹ مَکھر وِند اور جاتی پورہ مَکھر وِند جیسے گووَردھن کے بڑے مندروں میں دوپہر بارہ بجے کے قریب دودھ ابھیشیک کیا گیا۔ عقیدتمند، بھگوان کو 56 بھوگ اور پکوانوں کا انبار Annakoot پیش کررہے ہیں۔

لوگ اِس موقع پر اپنی گایوں کی پوجا کرنے کیلئے انہیں سجاتے ہیں اور گڑ اور چاول کو پیش کرنے کی روایت ادا کرتے ہیں۔×

VP - PM - Gujarati New Year

نائب صدر سی پی رادھاکرشنن اور وزیر اعظم نریندر مودی نے آج گجراتی نئے سال کے موقعے پر مبارکباد پیش کی ہے۔
نائب صدر نے امید ظاہر کی کہ یہ نیا سال ہر گھر میں خوشیاں، اچھی صحت، امن اور خوشحالی لے کر آئے۔ جناب رادھاکرشنن نے تمنا کی کہ نیا سال سبھی کیلئے نئی امیدوں، نئی شروعات اور نئی امنگیں لے کر آئے۔
ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر وزیر اعظم نریندر مودی نے امید ظاہر کی ہے کہ یہ نئی شروعات ہر ایک کی زندگی میں خوشی، امن، خوشحالی اور صحتمندی لے کر آئے۔ جناب مودی نے ہر ایک کی زندگی میں بہترین صحت، جوش اور ولولے کی تمنا کی۔×

Delhi - Chhath Holdiay

دلّی سرکار نے چھٹھ پوجا کے موقعے پر اِس ماہ کی 16 تاریخ کو پیر کے روز سرکاری تعطیل کا اعلان کیا ہے۔ دلّی حکومت کے عمومی انتظامیہ کے محکمے کی جانب سے جاری کردہ ایک نوٹیفکیشن کے مطابق، آئندہ پیر کے روز قومی راجدھانی خطے دلّی کے تمام سرکاری دفاتر، خود مختار ادارے اور سرکاری سیکٹر کے ادارے بند رہیں گے۔×

US-Diwali Holiday

امریکی قانون سازوں نے دیوالی کو ایک وفاقی تعطیل قرار دینے کیلئے ایوان نمائندگان میں ایک بل دوبارہ پیش کیا ہے۔ ''دیوالی ڈے ایکٹ'' کے نام سے موسوم اِس بل کو کانگریس کی رکن Grace Meng نے پیش کیا۔ انہیں 19 قانون سازوں کی حمایت حاصل ہے، جن میں 5 بھارت نژاد نمائندے شامل ہیں۔ یہ بل روشنیوں کے تہوار دیوالی کو ہندوؤں، سکھوں، جین اور بدھ مذاہب کے پیروکاروں کیلئے ایک اہم تہوار کے طور پر تسلیم کرتا ہے۔
Grace Meng کا کہنا ہے کہ اس اقدام سے ثقافتی شمولیت کو فروغ ملے گا اور امریکہ کی گوناگوں روایات کو تسلیم کیا جاسکے گا۔ کانگریس میں اگر یہ بل منظور کرلیا جاتا ہے، تو دیوالی امریکہ میں وفاقی سطح پر تسلیم شدہ 12 ویں تعطیل بن جائے گی۔×

India World Bank

بھارت کے پانی کے بندوبست سے متعلق اقدامات ترقی پذیر ملکوں کیلئے ایک مثالی نمونے کے طور پر اُبھر کر سامنے آئے ہیں۔ پانی کیلئے عالمی بینک کے گلوبل ڈائریکٹر سروج کمار جھا نے اِس ضمن میں بھارت کی پیشرفت کو نمایاں کامیابی قرار دیا۔ پانی سے متعلق اقوام متحدہ کی کانفرنس 2026 سے قبل جناب جھا نے جل جیون مشن، نمامی گنگے اور سووچھ بھارت مشن جیسے اقدامات کی ستائش کی۔ انہوں نے کہا کہ جل جیون مشن نے 7 برس سے بھی کم عرصے میں 80 کروڑ لوگوں کیلئے پینے کا صاف پانی فراہم کیا ہے۔ انہوں نے گنگا کی صفائی اور تقریباً 900 ڈیموں کی حفاظت کو مضبوط بنانے کی کوششوں کی بھی تعریف کی۔ جناب جھا نے کہا کہ بھارت، ابوظہی میں آئندہ 8 سے 10 دسمبر تک منعقد ہونے والی اِس کانفرنس میں اپنے تجربات کا عالمی سطح پر اشتراک کرے گا۔×

NCB - India US

بھارت اور امریکہ نے غیر قانونی منشیات کی اسمگلنگ کی روک تھام اور کمیونٹی کے تحفظ کو یقینی بنانے کی خاطر منشیات کی روک تھام سے متعلق تعاون کو مضبوط کرنے کے اپنے عزم کا اعادہ کیا ہے۔ اِس عزم کا اعادہ گزشتہ ہفتے نئی دلّی میں منعقدہ بھارت-امریکہ ڈرگ پالیسی ایگزیکٹو ورکنگ گروپ کی دوسری میٹنگ کے دوران کیا گیا۔

منشیات کی روک تھام کے بیورو NCB کی جانب سے جاری کردہ ایک مشترکہ بیان کے مطابق، دو روزہ میٹنگ میں دوطرفہ تعاون کا جائزہ لیا گیا اور ترجیحی شعبوں کی نشاندہی کی گئی، جن میں خفیہ معلومات کا تبادلہ، قانون کا مربوط نفاذ، دواسازی سپلائی چین سکیورٹی اور منشیات کی مانگ میں کمی شامل ہیں۔

NCB کے ڈائریکٹر جنرل انوراگ گرگ نے انڈیا ویژن روڈ میپ 2026-2029 اور منشیات کی اسمگلنگ کے نیٹ ورکس کو ختم کرنے کیلئے بھارت کی نیٹ ورک پر مبنی حکمت عملی کو اجاگر کیا۔ امریکی وفد کی سربراہ Debbei Seguin نے منشیات کے بین الاقوامی نیٹ ورک کو ختم کرنے اور Synthetic منشیات اور کیمیکلز کی غیر قانونی منتقلی کو روکنے کیلئے مشترکہ کوششوں کی ضرورت پر زور دیا۔x

Cricket

بھارت اور نیوزی لینڈ کے درمیان تیسرا ایک روزہ بین الاقوامی میچ آج Seddon پارک میں بارش کی وجہ سے رد کر دیا گیا ہے۔

بارش سے متاثرہ میچ میں بھارت نے ٹاس جیت کر پہلے گیند بازی کرنے کا فیصلہ کیا تھا۔ 40 اوورز کے میچ کی تیاریوں کے باوجود مسلسل بارش کی وجہ سے کھیل نہ ہو سکا اور امپائرز نے میچ ختم کرنے کا اعلان کر دیا۔

پانچ میچوں کی سیریز میں بھارت کو فی الحال دو-صفر کی سبقت حاصل ہے۔ باقی دو میچز 13 اور 15 نومبر کو Tauranga کے مقام پر کھیلے جائیں گے۔ شبھمن گل اور کے ایل راہل، ویلنگٹن میں بھارت کی ٹیسٹ ٹیم میں شامل ہوں گے۔ Shreyas Iyer آخری 2 ایک روزہ بین الاقوامی میچوں میں ٹیم کی قیادت کریں گے۔ رتوراج گائیکواڈ اور ایشان کشن کے پلینگ-الیون میں شامل ہونے کی توقع ہے۔x

Badminton Japan Open

بیڈمنٹن میں، بھارتی جوڑی گائیتری گوپی چند اور Treesa Jolly نے آج Kumamoto میں جاپان اوپن ٹورنامنٹ کے خواتین کے ڈبلز مقابلے کے پری کوارٹر فائنل میں جگہ بنا لی ہے۔ بھارتی جوڑی نے ابتدائی راؤنڈ میں جاپان کی Hinata Suzuki اور Nao Yamakita کی جوڑی کو اکیس - سترہ، اکیس - چودہ سے ہرایا۔

تاہم مکسڈ ڈبلز میں Dhruv Kapila اور رادھیکا شرما کی جوڑی کو شروعاتی کوالیفائنگ راؤنڈ میں شکست کا سامنا کرنا پڑا۔ انہیں دوسری سیڈ یافتہ امریکی جوڑی Chen Zhi Yi اور Francesca Corbett نے اکیس - سولہ، اکیس - پندرہ سے ہرایا۔

اُدھر مردوں کے ڈبلز مقابلے میں Hari Haran Amsakarunan اور ایم آر ارجن کی جوڑی اگلے راؤنڈ میں پہنچ گئی ہے۔x

Nadda - Immunization

صحت کے مرکزی وزیر جگت پرکاش نڈا نے آج کہا ہے کہ پولیو نیز ماں اور نوزائیدہ بچوں میں Tetanus کے خاتمے میں بھارت کی کامیابیاں، ٹیکہ کاری کی مسلسل کوششوں کے مثبت اثرات کو اجاگر کرتی ہیں۔

ٹیکہ کاری کے عالمی دن کے موقعے پر ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر جناب نڈا نے کہا کہ حکومت ہر بچے اور حاملہ خاتون کو بروقت اور مکمل حفاظتی ٹیکہ فراہم کرکے، اُن کی حفاظت کیلئے پُرعزم ہے۔

ہمہ گیر ٹیکہ کاری پروگرام، U-WIN ڈیجیٹل پلیٹ فارم اور مشن اِندر دھنش جیسے اقدامات کا ذکر کرتے ہوئے جناب نڈا نے کہا کہ اِن کوششوں سے زندگی بچانے والی ویکسین تک لوگوں کی رسائی میں اضافہ ہو رہا ہے۔

جناب نڈا نے اِس بات کا اعادہ کیا کہ ویکسین کی ہر خوراک اہم ہے اور کسی بھی بچے یا حاملہ خاتون کو حفاظتی ٹیکے کے بغیر نہیں چھوڑا جانا چاہئے۔x

Trump-Iran Nuclear

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ قطر، سعودی عرب، متحدہ عرب امارات، بحرین اور کویت سمیت اہم خلیجی ممالک آپریشن آئرن گیٹ کے تحت ایران کے خلاف ایک مشترکہ زمینی اور سمندری ناکہ بندی کی حمایت کرتے ہیں۔ سوشل میڈیا پلیٹ فارم Truth سوشل پر ایک بیان میں صدر ٹرمپ نے جوہری ہتھیار حاصل کرنے کی ایران کی کوششوں پر کوئی سمجھوتہ نہ کرنے کے اپنے عزم کو دوہرایا۔

قطر کے وزیراعظم شیخ محمد بن عبدالرحمان الثانی سے بات چیت کے بعد صدر ٹرمپ نے کہا کہ امریکہ کے علاقائی اتحادی ایران پر دباؤ برقرار رکھنے کے حق میں ہیں۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ امریکی فوج اب بھی ہائی الرٹ پر ہے، لیکن تنازعہ کو ختم کرنے کی جانب مثبت پیشرفت کی وجہ سے ایران کے خلاف مزید فوجی کارروائی کے کم امکانات ہیں۔x

US Hegseth Impeachment

امریکہ کے وزیر دفاع Pete Hegseth کو، اس ہفتے ایوانِ نمائندگان میں ممکنہ مواخذے کی تحریک کا سامنا کرنا پڑسکتا ہے۔ ری پبلکن رکنِ کانگریس Thomas Massie نے مواخذے کی آٹھ دفعات پیش کی ہیں، جن میں Hegseth پر کانگریس کی منظوری کے بغیر ایران کے خلاف جنگ چھیڑنے اور اپنے اختیارات کے ناجائز استعمال کا الزام عائد کیا گیا ہے۔ اطلاعات کے مطابق، اس قرارداد کو کئی قانون سازوں کی حمایت حاصل ہے۔

دوسری جانب سینیٹ میں انہیں قصوروار قرار دیئے جانے کا امکان کم ہے کیونکہ اس کیلئے دو تہائی اکثریت درکار ہوتی ہے۔ صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے Hegseth کا دفاع کیا ہے اور ایران اور وینیزوئیلا میں فوجی کارروائیوں سے نمٹنے کے، ان کے طریقۂ کار کی تعریف کی ہے۔x

France Iran Cyber Attack

فرانس کے وزیرِ خارجہ Jean Noel Barrot نے الزام عائد کیا ہے کہ گزشتہ ماہ ہونے والے سائبر حملے، ایران کے پاسدارانِ انقلاب اسلامی IRGC نے کئے تھے۔ جناب Barrot نے، اس حملے کو اپنی نوعیت کا غیر معمولی واقعہ قرار دیا اور کہا کہ اس کی شدت اور جارحیت کافی زیادہ تھی۔

انہوں نے اعلان کیا کہ فرانس اس حملے کے ذمہ داروں کے خلاف پورے یوروپ میں پابندیاں عائد کرنے کیلئے زور دے گا۔ یہ سائبر حملہ 11 اور 12 اکتوبر کی درمیانی شب کیا گیا تھا، جس سے پورے فرانس میں تقریباً 700 سپر مارکیٹ متاثر ہوئیں۔ اس کے نتیجے میں بڑی مقدار میں غذائی اشیا خراب ہوگئیں اور بعض مقامات پر ریفریجریشن یونٹوں میں آگ بھی لگ گئی۔

گزشتہ ہفتے بھی اسی نوعیت کے واقعات سامنے آئے تھے، جن میں Blood بینک کے کولنگ سسٹم پر حملے کی ناکام کوشش بھی شامل ہے۔ یوروپ کے دیگر ممالک اور امریکہ میں بھی سکیورٹی کی خلاف ورزی کے واقعات کی خبریں موصول ہوئی ہیں۔x

Pakistan Abduction

پاکستان کے شمال مغربی صوبے خیبر پختون خواہ میں نامعلوم مسلح افراد نے پولیو ٹیکہ کاری مہم سے وابستہ تین کارکنوں کو اغواء کر لیا ہے۔ پولیس کے مطابق یہ واقعہ ضلع Tank کے علاقے Sorghar میں جاری ٹیکہ کاری مہم کے دوران پیش آیا۔

یہ واقعہ خطے میں پولیو ٹیموں کو نشانہ بنانے اور ان کے ارکان کے اغوا کے مسلسل واقعات کی ایک تازہ کڑی ہے۔ اس سے پہلے ضلع Tank میں پولیو ٹیکہ کاری سے متعلق چار کارکنوں کو اغوا کیا گیا تھا، جبکہ خیبر ضلعے میں ایک سپروائزر کو بھی اغوا کر لیا گیا تھا۔

اس سے قبل Mohmand ضلعے میں ایک دیگر واقعے میں پولیو ٹیم کی حفاظت پر مامور دو پولیس اہلکار ہلاک اور ایک زخمی ہو گیا تھا۔

ان مسلسل حملوں کی وجہ سے پاکستان میں پولیو کے خاتمے کی مہم میں مصروف، صحت کارکنوں کی سلامتی کے حوالے سے شدید تشویش پیدا ہو گئی ہے۔x

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆